

# سفارشات برائے کاشتکاران

15 تا 31 مئی 2021ء

ملک محمد اکرم، ناظمِ اعلیٰ زراعت (اصلاحِ آبپاشی) پنجاب

- دھان کی پنیری کی منتقلی کے وقت کھیت میں پانی کی مناسب مقدار رکھنا انتہائی ضروری ہے کیونکہ کھیت میں پانی کی زیادتی کی صورت میں پودے تیز ہوا کو برداشت نہیں کر پاتے اور اکھڑ جاتے ہیں جبکہ پانی کی کمی کی صورت میں پودے گرمی کو برداشت نہیں کر پاتے اور مرجھانہ شروع کر دیتے ہیں لہٰذا دھان کی پنیری کی منتقلی کے وقت کھیت میں پانی کی گہرائی ایک تا ڈیڑھ انچ رکھیں۔
- ڈائریکٹ سیڈ رائس (DSR) کی کاشت کی صورت میں دھان کی فصل کو 5 تا 7 دن بعد پانی لگائیں اگر کاشت خشک زمین میں کی گئی ہو تو فصل کی کاشت کے فوراً بعد پانی ضرور لگائیں۔
- انگور کے باغات کو مئی کے مہینے میں ایک سال کے پودوں کو 6 لٹر فی پودا فی دن، دو سال کے پودوں کو 9 لٹر فی پودا فی دن، تین سال کے پودوں کو 15 لٹر فی پودا فی دن اور چار سال اور اس کے بعد کے پودوں کو 21 لٹر فی پودا فی دن پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ واضح رہے کہ ڈرپ نظامِ آبپاشی کی مدد سے پودوں کی ضرورت کے مطابق سائنسی بنیادوں پر آبپاشی کے جدول تیار کیے جاتے ہیں۔
- ڈرپ نظامِ آبپاشی کے ذریعے فصلات کی آبپاشی کیلئے پانی میں نمکیات زیادہ ہوں تو یہ نمکیات ٹھوس صورت اختیار کر لیتے ہیں اور ڈریپرز (Drippers) کے سوراخوں کو بند کر دیتے ہیں۔ ان جمی ہوئی نمکیات (کاربونیٹ، آئرن، بائی کاربونیٹ، کیلشیم اور میگنیشیم) کو صاف کرنے کے لیے تیزاب کا استعمال (Acid Treatment) کریں۔ ایسڈ ٹریٹمنٹ کرتے ہوئے پانی کی pH کو 4 تک لائیں اور جب یہ پانی آخری ڈریپرز (Drippers) سے نکلنا شروع ہو جائے تو سسٹم کو 6 تا 8 گھنٹے کے لیے بند کر دیں۔ 6 تا 8 گھنٹے کے بعد سسٹم کو چلا کر فلش والوز اور لیٹرل (Lateral) کھول کر کثافتیں نکال لیں اس کے بعد فصلات کی آبپاشی کریں۔
- کپاس کی بذریعہ ڈرل کاشتہ فصل کی پہلی آبپاشی بوائی کے 30 تا 35 دن بعد اور بقیہ 12 تا 15 دن کے وقفے سے کریں جبکہ پٹڑیوں پر کاشت کے لیے بوائی کے بعد پہلا پانی 3 تا 4 دن، دوسرا، تیسرا اور چوتھا پانی 6 تا 9 دن کے وقفے سے کریں اور بقیہ پانی 15 دن کے وقفہ سے لگائیں۔
- کینو کے باغات (20'×20') کو مئی کے مہینے میں ایک سال کے پودوں کو 22 لٹر فی پودا فی دن، دو سال کے پودوں کو 30 لٹر فی پودا فی دن، تین سال کے پودوں کو 46 لٹر فی پودا فی دن، چار سال کے پودوں کو 72 لٹر فی پودا فی دن اور 5 سال یا اس سے زائد عمر کے پودوں کو 122 لٹر فی پودا فی دن پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ واضح رہے کہ پودوں کو پانی کی ضرورت کا انحصار پودوں کی اقسام، آب و ہوا اور موسمی صورتحال پر ہوتا ہے۔
- فصل کو پانی لگانے سے پہلے کھالا جات کی اچھی طرح سے صفائی کریں، یعنی جڑی بوٹیوں کو ختم کرنے کے لیے جڑی بوٹی مار زہروں کا استعمال کریں تاکہ پانی کے بہاؤ میں کسی قسم کی کوئی رکاوٹ نہ ہو۔
- ٹیوب ویل/ ڈرپ/ سپرنکلر نظامِ آبپاشی کے ساتھ فصل کی آبپاشی صرف صبح یا شام کے اوقات میں کریں تاکہ بخارات کی شکل میں پانی کا ضیاع کم سے کم ہو۔
- ڈرپ نظامِ آبپاشی کی مدد سے ٹنل میں لگائی گئی سبزیوں کی آبپاشی اور پانی میں حل پذیر کھادوں کا استعمال بذریعہ فرٹیگیشن شعبہ اصلاحِ آبپاشی کی جانب سے مہیا کردہ جدولِ آبپاشی کے مطابق جاری رکھیں۔ یاد رہے کہ مائع کھادوں کا استعمال پودے کو سالٹ انجری (Salt Injury) سے بچاؤ کے لیے بھی انتہائی مددگار ہے۔
- زمین میں نمی کی مقدار معلوم کرنے کے لیے مائیسچر میٹر (Moisture Meter) کا استعمال کریں اور پانی کی مطلوبہ مقدار بروقت فراہم کریں۔

